© rasailojaraid.com



کے باعث ختم نہیں ہوا۔ اس رسالہ میں بھی پہلے لائق مؤلف نے قوموں کے عروج وزوال کے اسباب پر ایک عام بحث کر کے ان بعض افکار کی تغلیط کی ہے جو اس بحث میں عموماً بیان کئے جاتے ہیں اس کے بعد انھوں نے خود ان صفات کو بیان کیا ہے جو کسی قوم کے لئے بھی عروج کا باعث ہو سکتے ہیں پھر ان خرابیوں کا تذکرہ کیا گیا ہے جو مذکورۂ بالا صفات میں سے کسی ایک صفت میں یا سب ہی صفات میں کچھ نقص ہونے کے باعث پیدا ہو جاتی ہیں ظاہر ہے کہ قوموں کے عروج وزوال کے اسباب کی بحث ایک نہایت وسیع اور پیچیدہ بحث ہے اور اس سے عہدہ برآ ہونے کے لئے نفسیاتِ اقوام تاریخ اور فلسفۂ تاریخ ان سب کا مطالعہ ضروری ہے اور یہ سب مباحث ایک مختصر سی کتاب میں نہیں سما سکتے تاہم اس رسالہ کا مطالعہ بھی مفید ہوگا۔ اندازِ بیان سلجھا ہوا اور شگفتہ ہے۔

**رسولِ مقبول** از جناب منظر جلیسری تقطیع خورد ضخامت تقریباً سو صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ۔ پتہ (۱) سنگم کتاب گھر اردو بازار۔ دہلی (۲) یونین بکڈپو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

یہ چند نظموں۔ رباعیات اور قطعات کا مجموعہ ہے جن کا موضوع حمد ونعت، درود وسلام منقبت۔ شہادتِ کبریٰ کا بیان۔ اور تاریخ اسلام کے بعض واقعات ہیں اشعار پر اثر اور ولولہ انگیز ہیں جن سے لائق مصنف کی گہری عقیدت وارادت کا اظہار ہوتا ہے امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی قدر کر کے ثوابِ دارین حاصل کریں گے۔

---

مطبوعات ندوۃ المصنّفین کی تازہ فہرست
طلب فرمائیے



© rasailojaraid.com